# 106570-احرام کی حالت میں صابن اور شیمپو استعمال کرنا

## سوال

احرام کی حالت میں خوشبودار صابن اور شیمپو استعمال کرنے کا حکم کیا ہے ؟

## پسندیدہ جواب

"احرام کی حالت میں غسل کرنے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ حدیث سے ثابت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام کی حالت میں غسل فرمایا تھا.

رہا شیمپو تو ظاہر یہی ہوتا ہے کہ اس کی خوشبو عطر نہیں، بلکہ یہ تو صرف دل کو لبھانے کے لیے خوشبو اور ذائقہ ہے، جیسا کہ پودینہ اور سیب کے پتوں وغیرہ میں ہوتی ہے الصھم جو خوشبو ہو اس کا احرام کی حالت میں استعمال کرنا جائز نہیں" انتہی.